Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ پنجشنبہ بتاریخ ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۳۴ء

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر مسٹر بارکن (ہیڈ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس)	۲		توسیع اختیارات سماعت تحت دفعہ ۲۴ قانون	(۳)
منظوری رخصت صاحب آرمی منسٹر بہادر	"		مطالبہ خفیفہ بعدالت سول جج رامپور	
منظوری رخصت صاحب چیف جسٹس بہادر	۲و۳		برقراری سلسلۂ ملازمت منشی امداد علی صاحب اسسٹنٹ	(۵)
			واپسی خدمات ...	(۶)

آرڈران اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

اضافہ گریڈ بہ تنخواہ ماسٹر محمد احمد (ڈرائنگ ماسٹر)	۴		منظوری و صولیابی فیس چکیان بسبب پیوستگی	۴
اضافہ بہ تنخواہ توحید خاں (انسپکٹر باغ بریلی)	"		توسیع مدت ملازمت اہلکاران سررشتۂ ملکی میونسپل	۵
			نقشۂ تعطیلات بابت سال ۱۹۳۵ء	

روبکار اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

اضافہ بہ تنخواہ مسٹر واحد خاں انسپکٹر لگان	۸		

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

روبکار :-

واقع ۱۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

مسٹر پارکن "سپرنٹنڈنٹ پولیس" کی خدمات گورنمنٹ سے حاصل کی گئی ہیں۔ لہذا اون کا تقرر بعہدہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس بشرایط ذیل منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) گورنمنٹ میں اُن کو جو تنخواہ مل رہی ہے۔ اس سے پچیس فی صدی زائد ماہانہ پائیں گے۔

(۲) "حق پنشن و رخصت" ریاست سے حسب قاعدہ گورنمنٹ کو جاتے گا۔

(۳) اور سیپر الاؤنس ریاست سے ادا ہوگا۔

(۴) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست ملیگا۔

(۵) مکان اور سواری کا انتظام ریاست سے ہوگا۔

مسٹر کمپ موجودہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کی خدمات گورنمنٹ کو واپس کردی گئیں۔ آج ہی ان کا چارج کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

۱۵ر دسمبر ۱۹۳۲ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :-

واقع ۱۹ر دسمبر ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوتے۔ حسب رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت دو یوم ۱۷ر و ۱۸ر دسمبر ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں صاحب آرمی منسٹر بہادر کا کام مابدولت واقبال خود انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۲ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-

واقع ۱۱ر دسمبر ۱۹۳۲ء

فرزند وضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے عطائے اجازت ایام تعطیلات ۲۵ر لغایت ۲۹ر دسمبر ۱۹۳۲ء ودیگر تعطیلات ومنظوری رخصت دو یوم ۳۰ر و ۳۱ر دسمبر مطلوبہ صاحب چیف جسٹس بہادر بغرض روانگی پنجاب

حکم

بموجب رپورٹ صاحب چیف جسٹس بہادر رخصت ۳۰ر و ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء و اجازت ۵ر دسمبر لغایت ۲۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء و یکم جنوری سنہ ۱۹۳۵ء ایام تعطیلات منظور ہے۔ کاغذات بجائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہوں۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- واقع ۱۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر اختیارات سماعت عدالت دل بج رامپور میں تحت دفعہ (۱۴) قانون مطالبہ خفیفہ سو روپیہ تک توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

بکار رواسہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب منشائے حکم اجلاس ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم متعلق سلسلہ ملازمت منشی امداد علی ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں۔

حکم

بموجب رپورٹ سید امداد علی ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس کا سلسلہ ملازمت ۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۵ء تاریخ تقرر ابتدائی سے برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہوں۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:- (دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم) واقع ۱۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

۲۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء کو لفٹنٹ کرنل ابرہیم چیف فوجی اسٹاف کی رخصت ختم ہونے کے متعلق روبکار عالی جاری ہوا اور حکم ہوا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی ایجنسی آرڈر آ جائے تو جناب آنریبل منسٹر بہادر کو اطلاع دی گئی کہ براہ راست گورنمنٹ میں اپنی ملازمت پر چلے جائیں اور اگر ایسا نہ ہو تو آرڈر لفٹنٹ کرنل ابرہیم یہاں واپس آ جائیں۔ آج جناب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کا تار وصول ہوا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے لفٹنٹ کرنل ابرہیم کی واپسی کا آرڈر دیدیا۔ لہذا رخصت منسوخ کیجاتی ہے اور ریاست سے ان کی خدمات گورنمنٹ کو واپس کی جائیں اور ریاست کی ملازمت سے نام خارج کیا جائے جناب چیف منسٹر بہادر صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے تار کی نقل جناب آنریبل منسٹر بہادر کے پاس بھیجدیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹر سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ اصل روبکار بغرض اجرائے احکام صدر صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر کے تار کے دار الانشاء میں بھیجے۔

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ ریاست رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

میں کاغذات اضافہ گریڈ منظور شدہ در تنخواہ ماسٹر محمد احمد (ڈرائنگ ماسٹر) ہائی اسکول پیش ہوکر طے پایا کہ:- ماسٹر محمد ڈرائنگ ماسٹر کی تنخواہ میں ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

{ دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل }

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

میں کاغذات اضافہ پانچروپیہ ماہانہ در تنخواہ تہور علیخاں (انسپکٹر باغ بریلی) پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب سفارش صاحب یونیٹ منسٹر بہادر تہور علیخاں انسپکٹر باغ بریلی کا ۵ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔

اس اضافہ کی گنجائش موجودہ بجٹ سے نکالیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

{ دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل }

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت تصفیہ وصول باقی فیس از مالکان چکیاں اندرون حدود میونسپلٹی پیش ہوکر طے پایا کہ:-

چونکہ میونسپلٹی کے موجودہ ترمیم شدہ "بائی لاز" میں یہ فیس قائم ہوچکی ہے۔

لہذا یہ فیس میونسپلٹی وصول کرے۔ اور محکمہ نزول سے خارج کی جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو

{ دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب اسٹیٹ کونسل }

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

میں کاغذات توسیع مدت ملازمت اہلکاران سررشتہ عکسی صیغہ مال پیش ہوکر طے پایا

اہلکاران سررشتہ عکسی کی میعاد ملازمت میں حسب صراحت تحت نوٹ منظور کی جاتی ہے۔

نام	عہدہ	تنخواہ	ختم مدت توسیع سابق	ختم مدت توسیع آئندہ	کل رقم جو مشاہرات میں صرف ہوگی۔
سبط رسول۔	ہیڈ ڈرافٹسمین	[illegible]	۱۴ اکتوبر ۱۹۳۲ء	۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء	مالعہ ۳/۳
غلام محمد خاں۔	ٹریسر	[illegible]	۳۱ اکتوبر ۱۹۳۲ء	〃	مالعہ
مصطفےٰ حسین۔	〃	[illegible]	۱۵ دسمبر ۱۹۳۲ء	〃	مالعہ ۹/۱
سجاد حسین۔	〃	[illegible]	۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء	۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء	لعہ ۹/۱۰
اشرفی لال	محرر	[illegible]	〃	۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء	مالعہ

اہلکاران کی کل تنخواہ مد مشاہرات بندوبست جدید منظور شدہ ہے۔ صمالعہ ۹/۸

حکم ہوا کہ

تجویز صدر کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل :- واقعہ ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۴ء

اجلاس اسٹیٹ کونسل منعقدہ ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۴ء میں کاغذات منظوری نقشہ تعطیلات برائے سال ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ :-

بایزادی تعطیل شیوراتری تعطیلات مندرجہ نقشہ منسلکہ کاغذات منظور کیجاتی ہیں۔

حکم ہوا کہ

آرڈران کونسل مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی سررشتہ صدر کو مرسلہ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابت سال ۱۹۳۵ء

۱۔ تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمہ جات ریاست کے لئے اجلاس اسٹیٹ کونسل سے منظور فرمائی گئی ہیں۔

۲۔ چندر گرہن جس شب کو ہو بروز آئندہ اور سورج گرہن جس دن ہو اسی دن تعطیل ہوگی۔

۳۔ علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل کے معمولی تعطیل بروز جمعہ ہفتہ وار ہوا کریگی۔

۴۔ تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر ضرورت خاص کے اجازت کی ضرورت نہ ہوگی لیکن کوئی ملازم بغیر اجازت افسر اپنے ہیڈکوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا۔

۵۔ تعطیلات پر ہمیشہ کار سرکار مقدم متصور ہوگا۔

۶۔ صورت ہلال کے مقدم مؤخر ہونے سے ترمیم ہوسکیگی۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر ریاست رامپور

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایرڈے	۲۶ر رمضان ۱۳۵۳ھ	یکم جنوری ۱۹۳۵ء	پوس سدی ۱۲ کاتی سمبت ۱۹۹۱ بکرمی	سہ شنبہ	۱	
۲	عید الفطر	یکم شوال	۶ر جنوری "	پوس سدی تیج	دوشنبہ و سہ شنبہ	۲	
۳	چاند گرہن	۱۴ر شوال	۱۹ر جنوری "	پوس سدی پورنماشی	شنبہ	۱	
۴	بسنت پنچمی	۲ر ذیقعد	۸ر فروری "	ماگھ سدی پنچمی	جمعہ	۱	
۵	شیوراتری	۲۶ر ذیقعد	۳ر مارچ "	تیرس پھاگن بدی	یکشنبہ	۱	تعطیل ہذا کی منظوری اسٹیٹ کونسل سے ہوئی
۶	یوم مبارک حج	۹ر ذی الحجہ	۱۵ر مارچ "	پھاگن سدی کادشی	جمعہ	۱	
۷	عید الاضحیٰ	۱۰ر ذی الحجہ	۱۶ر مارچ لغایتہ ۱۸ر مارچ	پھاگن سدی دوادشی	شنبہ لغایتہ دوشنبہ	۳	
۸	ہولی	۱۴ر ذی الحجہ	۲۰ر مارچ لغایتہ ۲۱ر مارچ	پھاگن سدی پورنماشی	چہارشنبہ لغایتہ پنجشنبہ	۲	
۹	عید غدیر	۱۸ر ذی الحجہ	۲۴ر مارچ	چیت بدی چوتھ	یکشنبہ	۱	
۱۰	محرم الحرام	یکم محرم ۱۳۵۴ھ	۶ر اپریل لغایتہ ۱۷ر اپریل	چیت سدی ۳ سمبت ۱۹۹۲ بکرمی	شنبہ لغایتہ چہارشنبہ	۱۲	
۱۱	چہلم	۲۰ر صفر	۲۴ر مئی	جیٹھ بدی چھٹ	جمعہ	۱	
۱۲	سالگرہ ملک معظم	۔	۔	۔	۔	۱	تاریخ کا تعین بعد کو ہوگا۔

رامپور اسٹیٹ گزٹ مطبوعہ ۲۲ر دسمبر سنہ ۱۹۳۲ء

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۱۲	بارہ وفات شریف	۱۲ر ربیع الاول ۱۳۵۲ھ	۱۳ر جون ۱۹۳۳ء	جیٹھ سدی ترودشی سنبت ۱۹۹۰ بکرمی	جمعہ	۱	
[illegible]	ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ر ربیع الاول	۹ر جون ؍	اساڑھ بدی تیج	چہارشنبہ	۱	
[illegible]	جنم اشٹمی	۲۱ر جمادی الاول	۱۲ر اگست	بھادوں بدی اشٹمی	چہارشنبہ	۱	
[illegible]	درگا اشٹمی	۶ر رجب	۵ر اکتوبر	کنوار سدی اشٹمی	سہ شنبہ	۱	
[illegible]	دسہرہ	۸ر رجب	۷ر اکتوبر	کنوار سدی دسمی	دوشنبہ	۱	
[illegible]	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ر رجب	۱۲ر اکتوبر	کنوار سدی پورنماشی	سہ شنبہ	۱	
[illegible]	دیوالی	۲۷ر رجب	۲۶ر و ۲۷ر اکتوبر	کاتک بدی چودس	شنبہ و یکشنبہ	۲	
[illegible]	گنگا اشنان	۱۳ر شعبان	۱۰ر نومبر	کاتک سدی پورنماشی	یکشنبہ	۱	
[illegible]	شب برات	۱۴ر شعبان	۱۱ر نومبر	اگہن بدی پڑوا	دوشنبہ	۱	
[illegible]	ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ر شعبان	۱۲ر نومبر	اگہن بدی دوج	سہ شنبہ	۱	
[illegible]	سالگرہ اعلیحضرت جنت مکان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۲۰ر شعبان	۱۷ر نومبر	اگہن بدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
[illegible]	سالگرہ جناب نواب ولیعہد بہادر	۲۵ر شعبان	۲۲ر نومبر	اگہن بدی دوادشی	جمعہ	۱	
[illegible]	سالگرہ علیا حضرت [illegible]	۱۴ر رمضان	۱۰ر دسمبر	اگہن سدی پورنماشی	سہ شنبہ	۱	
[illegible]	شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ر رمضان	۱۴ر لغایت ۱۶ر دسمبر	پوس بدی چھٹ	دوشنبہ لغایت چہارشنبہ	۳	
[illegible]	یوم کلاں	۲۸ر رمضان	۲۵ر لغایت ۲۶ر دسمبر	پوس سدی چوتھ	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
[illegible]	عید الفطر	یکم شوال	۲۸ر و ۲۹ر دسمبر	پوس سدی تیج	شنبہ و یکشنبہ	۲	

روبکار اجلاس جناب پریذیڈنٹ صاحب اسٹیٹ کونسل

روبکار: مورخہ ۱۹ر دسمبر ۳۴ء

بموجب روبکار مجریہ ۲۳ر جولائی ۱۹۳۴ء۔

مسٹر واحد خاں، ریزرو انسپکٹر لائن پولیس کی تنخواہ ۲۲۵ (دوسو پچیس) روپیہ ماہوار تعین ہوئی تھی۔

اب گورنمنٹ سے طے ہوا ہے۔ کہ بجائے ۲۲۵ (دوسو پچیس) روپیہ کے ۲۵۰ (دوسو پچاس) روپیہ ماہوار دیے جائیں۔ لہذا مسٹر واحد خاں کی تنخواہ کا یوم تقرر سے بحساب (۲۵۰) دوسو پچاس روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بعد اجرائے احکام مسل کاغذ کونسل میں بھیج دیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط جناب پریذیڈنٹ صاحب اسٹیٹ کونسل)